۴۴۰ صفحات پر مشتمل اس مجلد کتاب کی قیمت ۱۵۰ روپے ہے اور اسے ادارہ مرکزہ دعوت وارشاد چنیوٹ ضلع جھنگ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

قافلہ ادب اسلامی

مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ کے علمی آثار اور صدقات جاریہ میں ادب اسلامی کے حوالے سے قائم ہونے والا عالمی فورم ''عالمی رابطہ ادب اسلامی'' بھی ہے جو ان کی سرپرستی میں وجود میں آیا اور پاکستان سمیت مختلف ملکوں میں اس کی شاخیں کام کر رہی ہیں۔ عالمی رابطہ ادب اسلامی کی پاکستان شاخ نے ادب اسلامی کے فروغ کے لیے ''قافلہ ادب اسلامی'' کے نام سے ایک سہ ماہی مجلّہ کی اشاعت کا آغاز کیا ہے جو عربی، اردو اور انگلش تین زبانوں میں ہے اور معروف دانش ور ڈاکٹر ظہور احمد اظہر اس کے مدیر ہیں۔

زیر نظر شمارہ پہلی جلد کا شمارہ نمبر ۳، ۴ ہے جو دو سو سے زائد صفحات پر مشتمل ہے اور اس کی قیمت ۱۰۰ روپے ہے۔

ملنے کا پتہ: ۷ حق باہو ہاؤسز، لالہ زار کالونی، رائے ونڈ، لاہور

برکات وضو

عارف باللہ حضرت مولانا قاضی زاہد الحسینی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس مضمون میں وضو کی برکات وفضائل جناب نبی اکرم ﷺ کے ارشادات کی روشنی میں تحریر فرمائے ہیں۔

۲۸ صفحات پر مشتمل یہ مضمون دارالارشاد، خانقاہ مدنی، اٹک شہر نے شائع کیا ہے جس کا ہدیہ ۱۰ روپے ہے۔

مدرسہ حسینیہ (رجسٹرڈ) سلانوالی، ضلع سرگودھا

ایک دینی درس گاہ ہے جسے ۱۹۴۷ء میں حکیم شریف الدین کرنالی نے قائم کیا۔ ۵۴ سال کے اس عرصے میں ہزاروں طلبہ وطالبات نے یہاں سے قرآن مجید حفظ وناظرہ کی تعلیم حاصل کی اور اندرون وبیرون ملک اس کی ترقی وترویج کے لیے سرگرم عمل ہیں۔

طلبہ وطالبات کی دن بدن بڑھتی ہوئی تعداد اور جگہ کی قلت کے پیش نظر مزید تعمیرات کی اشد ضرورت ہے۔

۵۰x۲۵ سائز کے بڑے ہال کی تعمیر کے لیے فوری طور پر تعمیری سامان کی ضرورت ہے۔ اصحاب ثروت اور مخیّر حضرات سے اپیل ہے کہ اس نیک کام میں حصہ لے کر نجات اخروی حاصل کریں۔

قاری محمد اکرم مدنی، ناظم مدرسہ حسینیہ حنفیہ (رجسٹرڈ) سلانوالی، ضلع سرگودھا